12/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینمیں عارف حسین

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کومقامی سطح کے مشکلات کا حل تلاش کرنے میں اختراعیت پر مبنی طریقونکوبروٸے کار لاتے ہوئے قبائیلی طبقوں کے طلباءکو مساوی مواقعے فراہم کرنے چاہیے۔وہ کل جموں کے لوک بھون میں بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی راجوری کی نویں ایگزیکٹو کونسل میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔

انہوں نے یونیورسٹی کے اعلیٰ عہدیداروں پر زور دیاکہ طلباءکو جدیددور کے تقاضوں کے مطابق ہنر مندبنانے پر توجہ مرکوز کریں اور تعلیمی نظام میں شفافیت اور جوابدہی کے اقدار کو بر قرار رکھیں۔

اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت دیتے ہوئے کئی اہم منصوبوں کی ورچول طریقے پر سنگ بنیاد رکھی۔

ایل جی ملاقات

نے لوک بھون جمونمیں لیفٹنٹ گورنر کے Rajiv Chunni انٹر نیشنل تنظیم کے چیر مینSOS ساتھ ملاقات کرکے پاکستان کے زیر قبضہ جموں کشمیرمیں مہاجرین کو در پیش فلاح و بہود سے متعلق اہم مسائل اجا گر کئے ۔ ان کے ہمراہ ڈانگری راجوری کے سابق سرپنچ دیر ج شرما بھی موجود تھے ۔

دریں اثنا مشروم گرورس کے ایک وفد نے امن شرما کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنرکے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے دستکار خطے کے تاریخی ورثے اورروایتی فنون کے حقیقی محافظ ہیں۔ انہوں نے ان باتوں کا اظہارسرینگر میں ہینڈی کرافٹس اورہینڈ لوم محکمے کے سال2026کے کلینڈر کی رسم اجرائی سے متعلق ایک تقریب کے دوران

کی ۔

وزیر اعلیٰ نے کہاکہ یہ کلینڈر واد ی کی دستکاری اوردستکاروں کے ہنر نیز اِس فن کے تئیں ان کی تن دہی اور لگن کو شاندار طریقے پر سمیٹتا ہے۔انہوں نے کہاکہ دستکاروں کے ہاتھوں صدیوں پرانے فن کو آج بھی فروغ مل رہا ہے ۔

جاوید ڈار

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ملازمین کے مناسب مسائل کاترجیحی بنیادوں پر حل تلاش کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے ان باتوں کا اظہار کل جموں مینولیج لیول ورکرس کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کرنے کے دوران کیا۔

اس موقعے پر ولیج لیول ورکروں نے اپنی تنخواہوں سے جڑے مسائل حل کرنے پر وزیر موصوف کا شکریہ ادا کیا۔

جاوید رانا

مختلف قبائلی طبقوں سے تعلق رکھنے والے کئی وفود نے جموں مینقبائیلی امور کے وزیر جاویداحمد رانا نے کے ساتھ ملاقات کی۔اس موقعے پر وفود نے مختلف قبائیلی اہمیت کے مسائل کو اجا گر کرتے ہوئے متعدد ترقیاتی ضروریات کو وزیر موصوف کی دانست مینلائے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جاوید احمد رانا نے کہا کہ عوامی اہمیت کے حامل مسائل کا فوری ازالہ کرنا عوام پر کوئی احسان نہیں بلکہ ایک حکومت کی آئینی اور بنیادی ذمہ داری ہے ۔ انہوں نے زور دیکر کہاکہ ایک جوابدہ اور شفاف حکمرانی کے ذریعے ہی مساوی طور پرسماج کے تمام طبقات کے جائز مطالبات کو پورا کیا جا سکتا ہے ۔

زبیر سلیم

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگوں کو جسمانی کمزریونکا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس کمزوری کی وجہ سے ان کا معیار زندگی بھی متاثرہو جاتا ہے ۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ کئی ایک بزرگوں کی قوت سماعت بھی کم ہوجاتی ہے۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

Winter

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی2 اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت3اعشاریہ4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ